DAR-UL-IFTA
SADIQABAD
Alflah Town Sadiqabad Dist: Rahim yar Khan

Dar-ul-Ifta Sadiqabad

دارالافتاء صادق آباد
الفلاح ٹاؤن صادق آباد
ضلع رحیم یار خان

استفتاء

حضرت مفتی صاحب! بازار میں چکن خریدنے جائیں تو ذبح کے وقت تکبیر پڑھنے سے متعلق بہت سے افراد کو دیکھا کہ چھری چلاتے وقت تکبیر پڑھتے ہیں اور بہت سے لوگ مرغی کو پکڑ کر چھری چلانے سے پہلے تکبیر پڑھتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان میں سے کون سے طریقہ سے جانور حلال ہوگا اور کون سے طریقے سے حلال نہیں ہوگا؟

مستفتی: چوہدری احمد

03126547096

الجواب باسم ملہم الصواب

واضح رہے کہ جانور ذبح کرتے وقت تسمیہ پڑھنے کے حکم سے خاص چھری چلانے کا وقت مراد نہیں، بلکہ تسمیہ پڑھنے سے لے کر چھری پھیرنے تک حقیقتاً یا حکماً مجلس کی تبدیلی سے پہلے پہلے ذبح کرنا مراد ہے، لہٰذا صورتِ مسئولہ کی دونوں صورتوں میں ذبیحہ حلال ہے۔

الدرالمختار (302/6)

(والمعتبر) (الذبح عقب التسمية قبل تبدل المجلس) حتى لو أضجع شاتين إحداهما فوق الأخرى فذبحهما ذبحة واحدة بتسمية واحدة حلا، بخلاف ما لو ذبحهما على التعاقب لأن الفعل يتعدد فتتعدد التسمية ذكره الزيلعي في الصيد، ولو سمى الذابح ثم اشتغل بأكل أو شرب ثم ذبح، إن طال وقطع الفور حرم وإلا لا، وحد الطول ما يستكثره الناظر.

الشامية (302/6)

(قوله قبل تبدل المجلس) أي حقيقة أو حكما كالفاصل الطويل كما يأتي فافهم: قال الزيلعي: حتى إذا سمى واشتغل بعمل آخر من كلام قليل أو شرب ماء أو أكل لقمة أو تحديد شفرة ثم ذبح يحل، وإن كان كثيرا لا يحل لأن إيقاع الذبح متصلا بالتسمية بحيث لا يتخلل بينهما شيء لا يمكن إلا بحرج عظيم فأقيم المجلس مقام الاتصال، والعمل القليل لا يقطعه والكثير يقطع.

واللہ اعلم بالصواب

کتبہ: عمار یاسر شاہ عفی عنہ

دارالافتاء: صادق آباد

11/ ربیع الثانی 1443ھ بمطابق 17/ نومبر 2021ء

دارالافتاء صادق آباد
فتویٰ نمبر 99/29
مورخہ ۱۶/۴/۴۳ھ
22/11/2021
الفلاح ٹاؤن صادق آباد / اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط: مفتی محمد ابراہیم صاحب مدظلہ

الجواب صحیح
محمد ابراہیم
۱۶/۴/۴۳ھ

دارالافتاء صادق آباد
مفتی
الفلاح ٹاؤن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط: مفتی احسن عزیز صاحب مدظلہ

الجواب صحیح
۱۱/۰۴/۱۴۴۳ھ

دارالافتاء صادق آباد
نائب مفتی
الفلاح ٹاؤن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط: مفتی طارق بشیر صاحب مدظلہ

الجواب صحیح
طارق بشیر
۱۴/۴/۱۴۴۳ھ

دارالافتاء صادق آباد
نائب مفتی
الفلاح ٹاؤن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

Scanned with CamScanner